A-PDF Watermark DEMO: Purchase from www.A-PDF.com to remove the watermark

# PUNJAB EXAMINATION COMMISSION
## EXAMINATION 2017, GRADE- 8
## URDU PART - B (Subjective Type Paper)

**MODEL PAPER:2**

**Part- A:48 Marks, Part- B:52 Marks,Total:100 Marks**

| Student Name (In Capital Letters) | |
|---|---|

| Roll Number (In Figures) | | | - | | | | - | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

Signature of Dy.Superintendent(CNIC):_________________

صرف ممتحن کے استعمال کے لیے

| Q.No | Marks | Signature of Sub Examiner | Signature of Assistant | Signature of H.E |
|---|---|---|---|---|
| 33 | | | | |
| 34 | | | | |
| 35 | | | | |
| 36 | | | | |
| 37 | | | | |
| 38 | | | | |
| Total | | | | |

For Official Use Only

عمومی ہدایات:

١) طلبہ غور سے پڑھیں اور ہر سوال کا جواب تحریر کریں۔

٢) ایک سوال ایک یا ایک سے زیادہ حصوں پر مشتمل ہوسکتا ہے۔

٣) ہر سوال کے نیچے دی گئی خالی جگہ کو جواب دینے کے لیے استعمال کریں۔ لکھنے کے لیے کوئی اضافی صفحہ نہیں دیا جائے گا۔

٤) لکھنے کے لیے کالی یا نیلی روشنائی استعمال کریں۔ کچی پنسل کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

| کل وقت: 1 گھنٹہ 30 منٹ | اُردو (حصہ ب) انشائی طرز کے سوالات | کل: 52 نمبر |
|---|---|---|

سوال نمبر 33- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور آخر پر دی گئی ہدایت کے مطابق اپنی رائے تحریر کریں۔ (8 نمبر)

فاخرہ سکول کے سالانہ امتحان کا پرچہ دینے کے لیے جلدی جلدی سکول جا رہی تھی۔ اچانک اسے ایک زخمی کبوتر نظر آیا۔ فاخرہ کو یوں لگا جیسے وہ کبوتر اس سے مدد کی درخواست کر رہا ہے۔ فاخرہ نے اسے زمین سے اٹھا تو لیا مگر زخمی کبوتر کا خون اس کی یونیفارم پر لگ گیا۔ وہ سخت تذبذب کا شکار تھی کہ گھر جا کر والدین کو کیا بتائے، جلدی میں یونیفارم تبدیل کرے یا دھوئے، کبوتر کا کیا کرے اور سکول وقت پر کیسے پہنچے تاکہ امتحان میں شامل ہو سکے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اگر آپ فاخرہ کی جگہ ہوتے تو کیا کام کرتے؟ اس کے بارے میں آٹھ جملے لکھیں۔

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

Result.pk

سوال نمبر 34- آپ اپنے سکول میں بہترین نعت خواں ہیں۔ کسی دوسرے سکول میں منعقد نعت خوانی کے مقابلے میں شرکت کی اجازت لینے کے لیے آپ اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس / پرنسپل کے نام درخواست لکھیں۔ (8 نمبر)

سوال نمبر 35- درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھیں اور ہر شعر کی الگ الگ تشریح اپنے الفاظ میں لکھیں۔ (8 نمبر)

i- خودی کا سِرِّ نہاں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہ　　خودی ہے تیغ، فساں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہ

ii- یہ نغمہ فصلِ گل و لالہ کا نہیں پابند　　بہار ہو کہ خزاں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہ

Result.pk

سوال نمبر 36- نیچے دی گئی عبارت کو غور سے پڑھیں اور اس کا ایک تہائی خلاصہ لکھیں۔ (8 نمبر)

ہمارے پیارے وطن پاکستان کے چار صوبے ہیں، ان کے نام ہیں بلوچستان، سندھ، خیبر پختون خوا اور پنجاب۔ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے، جب کہ پنجاب آبادی کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے۔ ''پنجاب'' دو لفظوں پنج اور آب سے مل کر بنا ہے۔ پنج کا مطلب ہے پانچ اور آب کا مطلب ہے پانی یعنی دریا، گویا پنجاب کا مطلب ہے پانچ دریاؤں کی سرزمین۔ پنجاب کی اس سرزمین پر دریائے ستلج، دریائے راوی، دریائے چناب، دریائے جہلم اور دریائے سندھ بہتے ہیں۔ پنجاب اسلامی جمہوریہ پاکستان کا ایک صوبہ ہے۔ اس کا دارالحکومت یعنی صدر مقام لاہور ہے۔ پاکستان کے دوسرے صوبوں کے لوگوں کی طرح اہلِ پنجاب بھی دلیر، مہمان نواز اور جفاکش ہیں۔ یہاں کے لوگوں کا خوب صورت اور مقبول لباس شلوار اور قمیص ہے۔ عورتیں شلوار قمیص کے ساتھ ساتھ دوپٹہ اور چادر اوڑھتی ہیں، جب کہ مرد شلوار قمیص کے ساتھ ٹوپیاں اور پگڑیاں پہنتے ہیں۔ پنجاب میں چار موسم پائے جاتے ہیں۔ ان کے نام ہیں:۔ موسم گرما، موسم سرما، موسم بہار اور موسم خزاں۔ پنجاب کے بہت سے تہوار انھی موسموں سے جڑے ہوئے ہیں مثلاً بیساکھی، بسنت اور جشن بہاراں وغیرہ۔

سوال نمبر 37- ڈاکٹر اور مریض کے درمیان ڈینگی بخار سے حفاظت کے موضوع پر دس سطروں کا مکالمہ تحریر کریں۔ (10 نمبر)

Result.pk

سوال نمبر 38- آپ اپنی جماعت کے ٹائم ٹیبل میں دیا گیا کون سا مضمون کس پیریڈ میں کس استاد سے پڑھنا چاہتے ہیں اور کیوں؟ اس بارے میں دس جملوں پر مشتمل ایک پیراگراف تحریر کریں۔ (10 نمبر)

Result.pk